محمد یمان نام رکھنا کیسا؟

مجیب: ابوالفیضان مولانا عرفان احمد عطاری

فتوی نمبر: WAT-1989

تاریخ اجراء: 27صفرالمظفر1445ھ/14ستمبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

لڑکے کا نام ”محمد یمان“ رکھنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

”محمد یمان“نام رکھنا، جائز ہے۔ مرقاۃ المفاتیح میں ہے:"یمان هو نسبته إلى اليمن، والألف فيه عوض عن ياء النسبة۔"(مرقاۃ المفاتیح، جلد09، صفحہ4036، مطبوعہ دار الفکر)

البتہ! یہ یاد رہے کہ بچہ ہو یا بچی، ان کے نام اچھوں کے نام پر رکھنا مستحب ہے کہ حدیث پاک میں اس کی ترغیب دلائی گئی ہے۔ بچہ ہو تو سب سے بہتر ہے کہ اولا اس کا نام محمد رکھا جائے تاکہ اس کی احادیث میں بیان کردہ فضیلتیں حاصل ہوں اور پھر پکارنے کے لیے انبیاء کرام علیہم الصلوۃ والسلام یا صحابہ کرام علیہم الرضوان یا اولیاء وصالحین علیہم الرحمۃ کے ناموں پر نام رکھیں۔ جیسے ابراہیم، اسماعیل، حسن، حسین وغیرہ۔

اور بچی ہو تو اس کا نام ازواجِ مطہرات وصحابیات یا تابعیات وصالحات رضی اللہ عنہن کے نام پر نام رکھیں۔ مثلا خدیجہ، عائشہ، میمونہ، عاتکہ، فاطمہ، زینب وغیرہ۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net